**اسکول واپسی پر خوش آمدید!**

عزیز اہلِ خانہ،

واپسی پر خوش آمدید! تعلیمی سال 2025-2026 کا آغاز کرتے ہوئے مجھے بےحد خوشی محسوس ہو رہی ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ بھی ایسے ہی پُرجوش ہوں گے۔ ایک معلم اور والدین کی حیثیت سے میں نے اسکول کے کئی پہلے دن گزارے ہیں—لیکن یہ دن میرے لیے خاص اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ یہ میرا بطور چانسلر پہلا **"اسکول کا پہلا دن"** ہے۔ اس سال ہماری کمیونٹی کے پاس مل کر حاصل کرنے کے لیے بہت کچھ ہے، اور میں بےچینی سے آغاز کرنے کا انتظار کر رہی ہوں۔

سب سے پہلے، ہم اپنے اہم منصوبوں (initiatives) کو مزید آگے بڑھائیں گے: NYC Reads، NYC Solves، Student Pathways، اور NYCPS Cares۔ NYC Reads اور NYC Solves، جو خواندگی اور ریاضی کی تدریس کو ایک نئے زاویے سے پیش کرتے ہیں، مزید 186 اسکولوں میں متعارف کروائے جا رہے ہیں۔ اسی طرح ہمارا FutureReadyNYC پروگرام ، جو ہائی اسکول کے طلباء کو زیادہ طلب والے پیشہ ورانہ راستے فراہم کرتا ہے، مزید 50 اسکولوں تک وسیع کیا جائے گا۔ NYCPS Cares، ہمارا نیا اقدام، کمیونٹی میں دیکھ بھال (care) کی روایت قائم کرنے کے بارے میں ہے؛ اس کام کے حصے کے طور پر ہم نے طلباء کی قیادت میں انسدادِ غنڈہ گردی اور انسدادِ ویپنگ (vaping) مہم کا آغاز کیا ہے، ساتھ ہی ایک پروگرام Family Connectors بھی شروع کیا ہے، جس میں خاندان کے افراد اور کمیونٹی کے رضاکار دیگر خاندانوں کو شہر کے وسائل تک رسائی میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

یہ اقدامات پہلے ہی افادیت دکھا رہے ہیں— ہمارے 2025 کے ریاستی امتحانات کے نتائج کا جائزہ لیں، جو مطالعہاور ریاضی دونوں میں حوصلہ افزا بہتری ظاہر کرتے ہیں۔ گریڈ 3 سے 8 تک کے طلباء میں 'ماہرانہ' (proficient) اسکور کرنے والے طلباء کا تناسب خواندگی میں 7.2 پوائنٹس اور ریاضی میں 3.5 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 2012 کے بعد ان مضامین میں ہماری مہارت کی سب سے زیادہ شرح ریکارڈ ہوئی۔ میں اپنے طلباء، عملے، اور خاندانوں پر بے حد فخر محسوس کرتی ہوں، جن کی محنت اور لگن کا عکس براہِ راست ان نتائج میں نظر آ رہا ہے۔ ہمیں یقیناً ابھی بہت کام کرنا ہے، لیکن یہ بہتری ظاہر کرتی ہے کہ ہم صحیح راستے پر گامزن ہیں۔

اس سال، ذہنی تجسس اور کڑی تدریس پر زور دیتے ہوئے، ہم اس پیش رفت کو مزید آگے بڑھائیں گے، اپنے کلاس رومز کو بھرپور مباحثے، گہرے تجزیے، اور بے شمار "زبردست!" لمحات سے مزین کریں گے۔ ہم نئے ریاستی قانون بھی نافذ کر رہے ہیں، جو تعلیمی دن کے دوران طلباء کےانٹرنیٹ سے منسلک ذاتی آلات کے استعمال پر پابندی عائد کرتا ہے، تاکہ تعلیم سے توجہ ہٹانے کو کم کیا جا سکے اور طلباء مکمل طور پر تعلیمی سرگرمیوں میں شامل ہو سکیں۔ اپنے طلباء میں سیکھنے کے شوق پیدا کرنا ہمارے مشن کو پورا کرنے کا ایک اہم حصہ ہے: طلباء کو وہ علم، مہارتیں، اور اعتماد فراہم کرنا جو انہیں اپنے پیشہ ورانہ مستقبل اور کمیونٹی میں کامیابی کے لیے تیار کرے۔

میں آپ کے ساتھ مل کر اس سفر کا آغاز کرنے کے لیے بہت پرجوش ہوں۔ ہمارے عملے، خاندانوں اور والدین قائدین، اور ہمارے نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی پوری کمیونٹی کا شکریہ ادا کرتی ہوں، جنہوں نے ہمارے طلباء کے لیے خود کو وقف کیا۔ تعلیمی سال کے پہلے دن کی خوشیوں بھری مبارکباد، اور اس دعا کے ساتھ کہ آنے والا سال شاندار ہو!

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر